© rasailojaraid.com

# کتاب نما

**مطالعہ سیرت عہد بہ عہد** (تلخیص محاضرات سیرت از ڈاکٹر محمود احمد غازی)، مرتب: محمد رضا تیمور۔ ناشر: قرطاس، عثمان پلازا، بلاک ۱۳-بی، گلشن اقبال، کراچی۔ صفحات: ۱۷۵۔ ہدیہ: ۲۵۰ روپے۔

۱۲ مختصر ابواب پر مشتمل یہ کتاب ڈاکٹر محمود احمد غازی مرحوم کے خطبات سیرت کا خلاصہ ہے، جسے مرتب نے بہت محنت کے ساتھ احادیث کی تخریج اور جامع حواشی کے ساتھ ترتیب دیا ہے۔

مرتب نے مقدمے میں بعض معروف نکات اٹھائے ہیں جن کا تعلّق تاریخ کے نفس مضمون اور سیرت کے عمومی تصور سے ہے۔ باب اوّل میں مطالعہ سیرت کی ضرورت و واہمیّت پر غازی صاحب کے مطالعہ سیرت کے نتیجے میں بیان کردہ خطاب کے اہم پہلو تحریر کیے گئے ہیں۔ ان کی یہ بات درست ہے کہ مطالعۂ سیرت کی اہمیّت مسلمانوں اور غیر مسلموں دونوں کے لیے ہے (ص ۲۷)۔ اگلے باب میں سیرت اور علوم سیرت کا تعارف کرایا گیا ہے۔ اس سے وابستہ تیسرا باب ہے جس میں بعض باتیں مکرر اور بعض اضافی بیان کی گئی ہیں۔ اس باب میں تاریخی جائزے میں اہم سیرت نگاروں کا اختصار سے تعارف شامل ہے۔ مستشرقین نے نہ صرف واقدی بلکہ ایسی کتب کو بھی اپنا ذریعۂ معلومات بنایا ہے جو تاریخی اصول تنقید کی روشنی میں تحریر نہیں کی گئیں، جیسے کتاب الاغانی۔ مصنف نے واقدی کے حوالے سے اس عام تصور کی وضاحت کر دی ہے کہ تمام تر احتیاط کے باوجود اس کی تاریخی معلومات میں تاریخیت پائی جاتی ہے۔ (ص ۷۸-۸۰)

مصنف نے مدینہ کی اسلامی ریاست کی معاشرت و معیشت کے حوالے سے ساتویں باب میں قیمتی معلومات کا خلاصہ پیش کیا ہے۔ کلامیاتِ سیرت، فقہیاتِ سیرت، دو ایسے موضوع بھی اٹھائے گئے ہیں جو عموماً کتب سیرت میں زیر بحث نہیں لائے جاتے۔ پھر برعظیم میں مطالعۂ سیرت کا تاریخی جائزہ پیش کیا گیا ہے جو اسلامی تاریخ اور عام تاریخ کے طلبہ کے لیے بھی مفید ہے۔ دورِ جدید میں مطالعۂ سیرت کا جائزہ بھی معلومات افزا ہے۔ آخری باب میں تجویز کیا گیا ہے کہ عمرانی علوم کی


© rasailojaraid.com